© rasailojaraid.com

محترمہ نثار فاطمہ زہرا
لاہور

# التجا

اے میرے مولا میرے آقا میرے ربِّ کریم !
میں تیری بندی ہوں لاچار و بے کس ، بے نوا
ہاتھ پھیلاتی ہوں میں دامن کو پھیلاتی ہوں میں
اے میرے چارہ گر اے ولی ، و کارساز
اے کہ تیرے نام سے چلتی ہے ساری کائنات
اے کہ تیرے نام سے باقی ہے ہر شے میں حیات
اے کہ تو لافانی ہے لاثانی ہے اور بے مثال
اے کہ تیرے عرش کے سائے میں گھومی بار بار
اے میرے سامع ، میرے خالق ، میرے ربِّ عظیم
اے میرے مالک میرے آقا ، میرے مولا کریم
آپ چاہئیں تو عطا کر دیں حیاتِ خضر بھی
آپ چاہیں تو مدینے سے ملے خاکِ شفا
یہ کنیز ہے آپ کی اور در پہ ہے آکر کھڑی
منتظر ہے اپنے ربّ کی رحمت و خیرات کی

© rasailojaraid.com